F.6-4 (Edit)/2021 NCPUL Press Release

राष्ट्रीय उर्दू भाषा विकास परिषद्

قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان

Tel: No.: 011-49539000
Fax No.: 011-49539099

Website.: www.urducouncil.nic.in
E-mail.:publicrelation.ncpul@gmail.com
: urduduniyancpul@yahoo.co.in

National Council for Promotion of Urdu Language
Ministry of Education, Department of Higher Education
Government of India

فروغ اردو بھون
Farogh-e-Urdu Bhawan
FC-33/9, Institutional Area
Jasola, New Delhi-110025

Dated: 01/09/2021

پروفیسر علی جاوید کی رحلت اردو دنیا کا بڑا خسارہ: شیخ عقیل احمد

نئی دہلی: دہلی یونیورسٹی کے سابق پروفیسر اور قومی کونسل برائے فروغ اردو زبان نئی دہلی کے سابق ڈائرکٹر پروفیسر علی جاوید کے انتقال پر کونسل کے صدر دفتر میں تعزیتی میٹنگ کا انعقاد کیا گیا۔ اس موقعے پر اپنے رنج وغم کا اظہار کرتے ہوئے قومی اردو کونسل کے موجودہ ڈائرکٹر ڈاکٹر شیخ عقیل احمد نے کہا کہ علی جاوید صاحب کی رحلت سے اردو دنیا کا بڑا خسارہ ہوا ہے، وہ ایک بہترین استاذ تھے، ساتھ ہی وہ بہت اچھے انسان بھی تھے۔ وہ ہمیشہ وضع داری نبھاتے اور ضرورت مندوں کی مدد میں پیش پیش رہتے تھے۔ خصوصا طالب علموں کی مدد کے لیے ہمیشہ مستعد رہتے تھے۔ شیخ عقیل احمد نے کہا کہ پروفیسر علی جاوید نے کافی جدوجہد بھری زندگی گزاری۔ عملی زندگی میں وہ بیباک تھے اور اپنے موقف اور نظریے پر کوئی سمجھوتا نہیں کرتے تھے۔

اسسٹنٹ ڈائرکٹر (ایڈمن) کمل سنگھ نے کہا کہ علی جاوید صاحب کی رحلت ان کے اہل خانہ و متعلقین کے لیے دکھ کی گھڑی ہے، ہم ان کی آتما کی شانتی کے لیے دعا گو ہیں۔ انھوں نے مزید کہا کہ جس زمانے میں انھیں ڈائرکٹر بنایا گیا وہ کونسل کے لیے آزمائش کے دن تھے مگر انھوں نے باہمی تعاون کے ساتھ آفس کے حق میں اچھا سے اچھا کرنے کی کوشش کی۔ اسسٹنٹ ڈائرکٹر (اکیڈمک) شمع کوثر یزدانی نے بھی اپنے تاثرات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ علی جاوید صاحب بطور انسان بہت اچھے تھے اور اعلی انسانی اقدار کے حامل تھے۔ اپنے ساتھ کام کرنے والوں کی حوصلہ افزائی کرتے۔ اس موقعے پر ڈاکٹر کلیم اللہ (ریسرچ آفیسر) نے بھی اپنے تاثرات کا اظہار کیا۔ تعزیتی میٹنگ میں کونسل کا تمام عملہ موجود رہا اور مرحوم کی روح کی تسکین کے لیے دو منٹ کی خاموشی اختیار کی گئی۔

(رابطہ عامہ سیل)